# آلودہ پانی اور اس سے متعلقہ خطرات



موسمیاتی تبدیلی میساچوسٹس میں سیلاب کے خطرے کو بڑھا رہی ہے۔ سیپٹک سسٹمز، سیویج ٹریٹمنٹ پلانٹس، فارموں، گھروں اور کاروباروں میں سیلاب آنے سے سیلاب کا پانی کیمیکلز اور دیگر خطرناک آلودگیوں سے آلودہ ہو سکتا ہے۔ اس سیلابی پانی سے رابطے میں آنے کی صورت میں معدے کی بیماری، جلد اور آنکھوں میں انفیکشن اور زخم کے انفیکشنز ہو سکتے ہیں۔

سیلاب سے بجلی کے نظام، اور سڑکوں اور پلوں کو بھی نقصان پہنچ سکتا ہے جن کی مرمت میں کئی دن یا طویل عرصہ لگ سکتا ہے۔ کھانا پکانے کے لیے حرارت، روشنی اور انرجی کی کمی اور ریفریجریٹ کرنے اور طبی آلات کے کام نہ کرنے کے نتیجے میں طبی ہنگامی صورت حال یا موت واقع ہو سکتی ہے۔ دیگر خطرات میں ملبہ گرنے سے، تاریں ٹوٹنے سے، ڈوبنے سے، گرنے سے، کاربن مونو آکسائیڈ (CO) کی زہر آلودگی سے، اور موٹر گاڑیوں کے ٹکرانے سے چوٹ یا موت واقع ہونا شامل ہیں۔

### کون زیادہ خطرے میں ہے؟

کچھ لوگ زیادہ خطرے میں ہو سکتے ہیں جو ان کے رہنے کی جگہ، باضابطہ سرکاری معلومات تک ان کی رسائی، تیار رہنے اور ردعمل کرنے کے لیے وسائل کی دستیابی پر منحصر کرتا ہے، اور اس بات پر بھی کہ آیا انہیں پہلے ہی صحت کے کوئی مسائل ہیں۔ ان میں شامل ہیں:

- 5 سال سے کم عمر بچے اور 65 سال سے زیادہ عمر کے لوگ
- کرائے کے گھروں میں رہنے والے افراد
- نظامی نسلیت کی وجہ سے غیر سفید فام لوگ
- لوگ جو انگریزی کم بولتے ہیں یا نہیں بولتے جنھیں اپنی مادری زبان میں ہنگامی پیغامات موصول نہیں ہو سکتے
- حاملہ خواتین
- معذور افراد
- کمزور مدافعتی نظام والے لوگ
- اکیلے رہنے والے یا محدود نقل و حمل کے حامل لوگ
- وہ لوگوں جنہیں طبی آلات استعمال کرنے یا دوائیں فریج میں رکھنے کے لیے بجلی کی ضرورت ہوتی ہے
- یوٹیلیٹی اور ریسکیو ورکرز

### ہم اس بارے میں کیا کر سکتے ہیں؟

- طوفانوں سے نمٹنے کی منصوبہ بندی کریں
- ایمرجنسی کِٹ بنائیں
- اپنے علاقے میں سیلاب آنے اور سیلابی سطح کے بڑھنے سے متعلق جانیں
- سیلابی پانی اور کیچڑ لگنے/رابطے میں آنے سے بچیں جو تیل، پٹرول یا سیویج سے آلودہ ہو سکتا ہے
- تباہ شدہ عمارتوں سے دور رہیں اور سیلاب زدہ علاقوں یا سڑکوں سے دور رہیں
- سیلاب کے بعد نجی کنوؤں کے آلودہ پن کے لیے جانچ کریں

Bureau of Climate and Environmental Health
Environmental Toxicology Program
Massachusetts Department of Public Health

مزید یہاں جانیں
mass.gov/ClimateAndHealth

# آلودہ پانی اور اس سے متعلقہ خطرات

- سیوریج کے خراب نظام کی مرمت کریں
- سیلابی پانی میں گاڑی نہ چلائیں – واپس مڑ کر دوسرا راستہ تلاش کریں